MZK/ Adeel

23.03.2024

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں فہیم احمد

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

---

1 بھارت نے، بھوٹان کو اگلے پانچ سال میں دس ہزار کروڑ روپے کی مالی مدد فراہم کرنے کا اعلان کیا ہے۔ دونوں ملکوں نے قومی مفاد کے معاملات پر تعاون کرنے سے بھی اتفاق کیا ہے۔

2 CBSE نے 20 اسکولوں کا، غلط طور طریقوں میں ملوث ہونے پر الحاق ختم کردیا ہے۔

3 روس نے ماسکو کے قریب ایک کنسرٹ ہال میں، کچھ بندوق برداروں کے ہاتھوں گولی چلائے جانے کے واقعے میں 60 سے زیادہ افراد ہلاک اور 100 سے زیادہ زخمی ہوگئے۔ اس حملے کی ذمہ داری دولت اسلامیہ نے قبول کی ہے۔ بھارت نے اس دہشت گردانہ حملے کی مذمت کی ہے۔

4 بیڈمنٹن میں کیدامبی سری کانت، بیسل میں سوئس اوپن کے مردوں کے سنگلز کے سیمی فائنل میں داخل ہوگئے ہیں

5 اور

IPL کرکٹ میں ، چنئی میں ٹورنامنٹ کے پہلے میچ میں، چنئی سپر کنگس نے رایل چیلنجرز بینگلور کو چھ وکٹ سے ہرایا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

India Bhutan Statement

بھارت بھوٹان کو اگلے پانچ سال میں دس ہزار کروڑ روپے کی مالی مدد فراہم کرے گا۔ وزیراعظم نریندر مودی نے بھوٹان کے اپنے پہلے سرکاری دو روزہ دورے میں کل تھمپو میں یہ اعلان کیا۔ جناب مودی نے بھوٹان کی اعلیٰ قیادت کو یقین دلایا کہ بھارت اس کی ترقی کی کوششوں میں اس کے ساتھ رہے گا اور منفرد انداز کے دو طرفہ تعلقات سے کنکٹوٹی ، بنیادی ڈھانچے، تجارت اور توانائی کے شعبوں میں بڑے پیمانے پر تعاون کے موقع فراہم ہوں گے۔

PM Bhutan Viksit

دونوں ملکوں نے توانائی، تجارت، ڈجیٹل رابطوں، خلا اور زراعت کے شعبوں میں بہت سے مفاہمت ناموں اور معاہدوں پر دستخط کیے ہیں۔

وزیراعظم کے، بھوٹان کے لیے مالی مدد کے اعلان کے بارے میں جانکاری دیتے ہوئے خارجہ سکریٹری ونے موہن کواترا نے کہا کہ اس امداد میں، بھوٹان کے اقتصادی ترغیبی پیکیج میں بھارت کی مدد بھی شامل ہے۔

0818 Vinay Mohan INDO Bhutan

وزیراعظم مودی کو کل بھوٹان کا اعلیٰ ترین شہری ایوارڈ order of the Druk Gyalpo سے نوازا گیا تھا۔ یہ ایوارڈ بھوٹان کے شاہ جگمے کھیسر نامگیل وانچک کے ہاتھوں دیا گیا ہے۔x

Kejriwal

دلی میں راؤز ایوینیو عدالت نے، دلی کے وزیراعلیٰ اور عام آدمی پارٹی کے رہنما اروند کیجریوال کو کل، انفورسمینٹ ڈائریکٹوریٹ ED کی حراست میں بھیج دیا ہے۔ انھیں شراب سے متعلق پالیسی کے کیس میں، 28مارچ تک کے لیے ED کی حراست میں بھیجا گیا ہے۔ ED نے کہا کہ عام آدمی کے رہنما، شراب پالیسی وضع کرنے میں، جسے اب ختم کردیا گیا ہے، براہ راست ملوث تھے۔

ED نے اروند کیجریوال کو جمعرات کو گرفتار کرنے کے بعد، عدالت میں پیش کیا تھا۔

دلی ہائیکورٹ نے، شراب سے متعلق پالیسی میں، کالے دھن کو جائز بنانے کے ایک کیس میں عام آدمی پارٹی کے سربراہ کو، ED کی طرف سے کئی بارسمن بھیجے جانے کے سلسلے میں، گرفتاری سے، عبوری تحفظ دینے سے انکار کردیا تھا، جس کے کچھ ہی گھنٹے بعد انھیں گرفتار کرلیا گیا تھا۔

اِس سے پہلے دن میں جناب کیجریوال نے اِس کیس میں ED کے ہاتھوں خود کو گرفتار کیے جانے کے خلاف سپریم کورٹ میں داخل کی گئی اپنی درخواست واپس لے لی تھی۔ انھوں نے اپنی یہ درخواست، سپریم کورٹ کی طرف سے بھارت راشٹر سمیتی BRS کی لیڈر کے۔کویتا کو کوئی راحت دینے سے انکار کیے جانے کے بعد واپس لی تھی۔

اِسی دوران BJP نے کہا ہے کہ قومی راجدھانی میں شراب گھوٹالے کے سرغنہ، آخرِ کار قانون کی حراست میں آگئے ہیں۔

نئی دلی میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے پارٹی کی سینئر رہنما اور مرکزی وزیر اسمرتی ایرانی نے جناب کیجریوال پر سخت نکتہ چینی کی اور ان پر بدعنوانی کے مقصد سے انتظامیہ کا غلط استعمال کرنے کا الزام عائد کیا۔

انھوں نے کہا کہ ملک نے دیکھا کہ کوئی شخص کسی آئینی عہدے پر موجود رہتے ہوئے ایمانداری کی بات کرتا ہے اور بدعنوانی کا مظاہرہ کرتا ہے۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ عدالت میں کچھ انکشافات ہوئے ہیں۔

دوسری طرف عام آدمی پارٹی کی رہنما اور دلی کے وزیر آتشی نے کہا کہ جناب کیجریوال، وزیراعلیٰ کے عہدے پر برقرار رہیں گے۔ انھوں نے کہا کہ آئین میں کوئی شِق ایسی نہیں ہے جس کے مطابق انھیں استعفیٰ دینا پڑے۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ پوری دلی- کابینہ اپنی جگہ برقرار ہے اور ہر محکمہ پوری مستعدی کے ساتھ کام کر رہا ہے۔x

EC Opposition

اپوزیشن نے دلی کے وزیراعلیٰ کی گرفتاری کے بعد انتخابی کمیشن سے مداخلت کرنے کو کہا ہے۔سبھی پارٹیوں کے ایک اپوزیشن وفدنے کل انتخابی کمیشن سے ملاقات کی اور کہا کہ انھوں نے، اپوزیشن کے خلاف ایجنسیوں کے مبینہ غلط استعمال کے شواہد پیش کیے ہیں۔ انھوں نے زور دے کر کہا کہ آزاد بھارت کی تاریخ میں پہلا ایسا واقعہ کہ عہدے پر برقرار کسی وزیراعلیٰ کو گرفتار کیا گیا ہے۔

کانگریس، TMC ، DMK ، بائیں بازو کی پارٹیوں، سماج وادی پارٹی اور دیگر رہنما اِس وفد میں شامل تھے۔x

West Bengal

اسمبلی انتخابات نے مغربی بنگال کے چار ضلعوں میں نئے ضلع کلکٹروں کو مقرر کیا ہے۔

اس سے پہلے کمیشن نے لوک سبھا انتخابات سے پہلے کل مغربی بنگال کے مشرقی میدنی پور، جھرگرام، مشرقی وردھمان اور بیربھوم کے ضلع کلکٹروں کے تبادلے کے احکامات دیئے تھے۔

BJP CEC

بھارتیہ جنتا پارٹی کی مرکزی انتظامیہ کمیٹی آج نئی دلی میں، پارٹی صدر دفتر میں ایک میٹنگ کرے گی، جس میں لوک سبھا انتخابات کے امیدواروں کو منظوری دی جائے گی۔

وزیراعظم نریندر مودی، BJP کے قومی صدر جے پی نڈّا اور وزیر داخلہ امت شاہ اِس میٹنگ میں شرکت کریں گے۔ میٹنگ میں کمیٹی کے ارکان اور ریاستوں کے عہدیداران بھی شرکت کریں گے۔x

MP Lok Sabha Elections

مدھیہ پردیش میں لوک سبھا کی 29 سیٹوں کے لیے انتخابات چار مرحلوں میں کرائے جائیں گے۔ ریاست میں پولیس اور قانون نافذ کرنے والی دیگر ایجنسیوں نے لوک سبھا انتخابات کے سلسلے میں ابھی تک 14 کروڑ 22 لاکھ روپے سے زیادہ مالیت کی مختلف چیزیں ضبط کی ہیں۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے :

V/C Sanjeev Sharma

مدھیہ پردیش میں ساڑھے تین ہزار پولنگ مراکز پر رائے دہی کا عمل خواتین اہلکاروں کے ذریعے انجام دیا جائے گا۔

چیف الیکٹورل افسر انوپم راجن نے بتایا کہ ان پولنگ مراکز پرتعینات پورا عملہ خواتین پر مشتمل ہوگا۔

**SB Anupam Rajan CEO,MP**

مدھیہ پردیش میں پہلے مرحلے کے تحت 19 اپریل کو، دوسرے مرحلے کے تحت 26 اپریل کو، تیسرے مرحلے کے تحت 7 مئی کو اور چوتھے اور آخری مرحلے کے تحت 13 مئی کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ ان سبھی مرحلوں کے نتیجوں کا اعلان 4 جون کو ہوگا۔

انتخابات میں پانچ کروڑ 63 لاکھ 60 ہزار سے زیادہ رائے دہندگان اپنے حق رائے دہی کا استعمال کریں گے جن میں دو کروڑ 89 لاکھ 51 ہزار مرد ہوں گے جبکہ دو کروڑ 73 لاکھ 87 ہزار خواتین ووٹ ڈالیں گی۔

بھوپال سے سنجیو شرما کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں ضمیر رضوی

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

## CBSE School Disqualification

سینٹرل بورڈ آف سیکنڈری ایجوکیشن CBSE نے، 20 اسکولوں کا، غلط طور طریقوں میں ملوث ہونے کے سبب الحاق ختم کردیا ہے۔ بورڈ نے دلی کے ہی پانچ اسکولوں کا الحاق ختم کیا ہے۔

CBSE نے ایک اطلاع نامے میں کہا کہ بورڈ کی طرف سے اچانک معائنے کے دوران، الحاق اور امتحان کے ضابطوں کی خلاف ورزی پائے جانے کے بعد اِن اسکولوں کے خلاف سخت کارروائی کی گئی ہے۔

CBSE نے یہ بھی کہا ہے کہ یہ اسکول فرضی طلبا اور نااہل امیدواروں کو پیش کرکے مختلف قسم کے غلط طور طریقوں کا ارتکاب کر رہے تھے اور یہ اسکول اپنے ریکارڈ بھی ٹھیک ڈھنگ سے تیار نہیں کر رہے تھے۔

ایک مکمل تفتیش کے بعد بورڈ نے ان اسکولوں کا الحاق ختم کرنے اور اِن کا درجہ کم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔x

## Russia Killed

روس نے کل رات راجدھانی ماسکو کے قریب ایک مشہور کنسرٹ ہال کے اندر، کچھ بندوق برداروں کے ہاتھوں گولی چلائے جانے کے معاملے میں 60 سے زیادہ افراد اور 145 سے زیادہ زخمی ہوگئے۔ روس کے سرکاری میڈیا TASS نے بتایا ہے کہ تین مسلح افراد نے Crocus City Hall میں فائرنگ کردی۔ فائرنگ کی وجہ سے عمارت کی چھت کو نقصان پہنچا، روس کے خصوصی فوجی دستوں کو،

موقعوں پر تعینات کردیا گیا ہے۔ SWAT کی ایک ٹیم کو فوری طور پر موقع پر بلایا گیا۔ اِس کے علاوہ 70 سے زیادہ ایمبولینس ٹیمیں اور ڈاکٹرز، متاثرہ افراد کی مدد کر رہے ہیں۔

امریکہ نے کہا ہے کہ وہ صورتحال کے بارے میں مزید جانکاری حاصل کرنے کے لیے کام کر رہا ہے اور یوکرین نے اس حملے میں کسی طرح سے ملوث ہونے سے انکار کیا ہے۔

دولت اسلامیہ کے گروپنے اس حملے کی ذمہ داری قبول کی ہے، البتہ گروپ نے اپنے دعوے کی حمایت میں کوئی ثبوت مہیا نہیں کیا ہے۔

وزیراعظم نریندر مودی نے ماسکول میں اس گھنونے دہشت گردانہ حملے کی سخت مذمت کی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ ہماری پوری ہمدردی اور دعائیں متاثرین اور ان کے کنبوں کے ساتھ ہیں۔ جناب مودی نے کہا کہ بھارت دکھ کی اس گھڑی میں روسی فیڈریشن کی حکومت اور عوام کے ساتھ ہے۔

## Punjab Shaheed Divas

ملک آج مجاہد آزادی بھگت سنگھ، راج گرو اور سکھدیو کو ان کے یوم شہادت پر خراج عقیدت پیش کررہا ہے۔ 1931 میں آج ہی کے دن انقلابی لیڈروں کو شاہی حکومت کے خلاف سرگرمیوں کی وجہ سے برطانیہ کے حکمرانوں نے لاہور میں پھانسی دے دی تھی۔ اس موقع پر پنجاب سمیت ملک بھر میں کئی پروگرام منعقد کئے جارہے ہیں۔

ایک رپورٹ

VC- Shishu Sharma Shntal

*شہداء کی چِتاؤں پر ہرسال تقریب کا اہتمام ہوگا،یہی ان کی آخری نشانی ہوگی، اسی طرز پر پنجاب کے ضلع شہیدبھگت سنگھ نگر میں بھگت سنگھ کے آبائی گاؤں **Khatkar Kalan** اور فیروز پورضلع میں حسینی والا کی قومی شہادت یادگار میں شہادت سے متعلق خصوصی تقریبات منعقد کی جارہی ہے۔ 23 مارچ 1931 کو تین شہیدوں بھگت سنگھ، راج گرو اور سکھدیو کی آخری رسومات حسینی والا میں ہی ادا کی گئی تھیں۔بھگت سنگھ کی شہادت کے بعد ان کے قریبی دوست بھگوتی چرن ووہرا کی اہلیہ درگا بھابھی جو خود بھی ایک انقلابی مجاہد تھیں، نے کہاتھا سولی ان کے لئے پویلین بن گیا، پھانسی کا پھندا ان کا ہار بن گیا اور موت ان کی دُلہن بن گئی۔ان بہادر مجاہدین آزادی کو سلام جو ملک کیلیئے امر ہوگیے۔*

*جالندھر سے شیشو شرما شانتل کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلیئے میں اسلم بیگ*

## IPL

کرکٹ میں کل رات چنئی میں 17ویں انڈین پریمیئر لیگ IPL کے افتتاحی میچ میں دفاعی چمپئن سپرکنگس نے رائل چیلنجرز بنگلورکو چھ وکٹ سے ہرادیا۔ 174رن کے حصول کیلئے کھیلتے ہوئے چنئی سپرکنگس نے چھ وکٹ کے نقصان پر نشانہ حاصل کرلیا۔

اس سے پہلے بلے بازی کرتے ہوئے رائل چیلنجرز بنگلور نے چھ وکٹ پر 173رن بنائے تھے۔

آج پنجاب کنگس کا مقابلہ سہ پہر ساڑھے تین بجے موہالی میں Delhi Capitals سے ہوگا جبکہ کولکاتہ نائٹ رائیڈرس کا مقابلہ شام ساڑھے سات بجے , کولکاتہ میں سن رائزرس حیدرآباد سے ہوگا۔

## Badminton

بیڈمنٹن میں بھارت کے مایہ ناز کھلاری کدامبی سری کانت سوئٹزرلینڈ کے Basel میں سوئس اوپن ٹورنامنٹ کے مردوں کے سنگلز کے سیمی فائنل میں پہنچ گئے۔ کدامبی نے کل شام چینی تائپے Lee Chia Hao کو کوارٹرفائنل میں اکیس دس، اکیس چودہ سے

ہرایا۔

آج رات فائنل میں جگہ بنانے کیلئے ان کا مقابلہ چینی تائپے Lin Chun Yi سے ہوگا۔ دیگر کوارٹر فائنل میچوں میں Priyanshu Rajawat ، Chen Chou سے پندرہ اکیس، انیس اکیس سے ہارگئے جبکہ Kiran George کو ڈنمارک کے Rasmus Gemke کے ہاتھوں تیئس اکیس، سترہ اکیس، پندرہ اکیس سے شکست ہوئی۔

یہ تھیں خبریں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......اسلم بیگ

شکریہ - فہیم

راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے زیادہ تر اردو اخبارات نے مختلف خبروں کو اہمیت کے ساتھ شائع کیاہے۔
روزنامہ انقلاب نے وزیراعظم نریندرمودی کو بھوٹان کے اعلیٰ ترین شہری اعزاز سے سرفراز کئے جانے کی خبر کو اپنی شہ سرخی بنایاہے۔ اخبار لکھتاہے کہ وزیراعظم مودی پہلے غیرملکی رہنما ہیں جنہیں یہ باوقار ایوارڈ دیاگیا۔
روزنامہ راشٹریہ سہارا نے نائب صدر جگدیپ دھنکڑ کی جانب سے بہار کے یوم تاسیس کے موقع پرریاست کے لوگوں کو مبارکباد دیئے جانے کی خبر کو نمایاں جگہ دی ہے۔ اپنے پیغام میں جناب دھنکڑ نے کہا کہ بہار وراثت کے معاملے میں مالامال ریاست ہے اور اس نے بھارتی تاریخ کوتشکیل دینے میں اہم کردار نبھایاہے۔
روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے لوک سبھا انتخابات کیلئے BJP کی چوتھی فہرست جاری کئے جانے کی خبرکو نمایاں جگہ دی ہے۔اخبار کے مطابق BJP نے چوتھی فہرست میں پڈوچیری اورتمل ناڈو کے لئے 15 امیدواروں کے ناموں کا اعلان کیا ہے۔
روزنامہ پرتاپ نے ہولی کے موقع پر ریلوے کی جانب سے 100ٹرینیں چلائے جانے کی خبر کو اپنی شہ سرخی بنایاہے۔ اخبار لکھتا ہے کہ دلی کے تمام اسٹیشنوں پرطبی عملے کو تعینات کیا جائے گا۔
روزنامہ ملاپ نے خلائی تحقیق کی بھارتی تنظیم ISRO کی جانب سے پشپک طیارے کی کامیاب لانچنگ کی خبرکو صفحہ اول پر جگہ دی ہے۔ اخبار کے مطابق پشپک دوبارہ قابل استعمال ہوائی جہاز ہے۔

آخر میں خاص خبریں ایک بار پھر

1 بھارت نے، بھوٹان کو اگلے پانچ سال میں دس ہزار کروڑ روپے کی مالی مدد فراہم کرنے کا اعلان کیا ہے۔ دونوں ملکوں نے قومی مفاد کے معاملات پر تعاون کرنے سے بھی اتفاق کیا ہے۔

2 CBSE نے 20 اسکولوں کا، غلط طور طریقوں میں ملوث ہونے پر الحاق ختم کردیا ہے۔

3 روس نے ماسکو کے قریب ایک کنسرٹ ہال میں، کچھ بندوق برداروں کے ہاتھوں گولی چلائے جانے کے واقعے میں 60 سے زیادہ افراد ہلاک اور 100 سے زیادہ زخمی ہوگئے۔ اس حملے کی ذمہ داری دولت اسلامیہ نے قبول کی ہے۔ بھارت نے اس دہشت گردانہ حملے کی مذمت کی ہے۔

4 بیڈمنٹن میں کیدامبی سری کانت، بیسل میں سوئس اوپن کے مردوں کے سنگلز کے سیمی فائنل میں داخل ہوگئے ہیں اور

5 IPL کرکٹ میں ، چنئی میں ٹورنامنٹ کے پہلے میچ میں، چنئی سپر کنگس نے رایل چیلنجرز بینگلور کو چھ وکٹ سے ہرایا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---